ساغر اقبالی

زبان میری ہے بات انکی

معین قریشی پاکستان پہنچ گے۔ (ایک خبر)
کوئی نیا گل کھلائیں گے۔
حکومت بد معاشی کر رہی ہے۔ (ولی خان)
پاکستان کی ہر جمہوری حکومت نے بدمعاشی کو فروغ دیا ہے۔
وزراء کی تنخواہ ۱۰۰ فیصد بڑھ گئی۔ غریب کلرک منہ تکتے رہ گئے۔ (ایک خبر)
کیا وزراء غریب یتیم اور زکواۃ کے مستحق ہیں۔
کسی کو جمہوریت کی بساط لٹنے نہیں دیں گے۔ (بے نظیر)
چاہے امریکہ کی دہلیز ہی کیوں نہ چاٹنی پڑے۔
گوجرانوالہ میں پولیس بوٹوں سمیت مساجد میں گھس گئی۔ علماء پر تشدد۔ (ایک خبر)
یہ مسلماں ہیں جنہیں دیکھ کے شرمائیں یہود!
فیصل آباد میں بجلی گرنے سے دو افراد جھلس گئے۔ (ایک خبر)
کاش کسی پجارو پر گری ہوتی۔
جمہوریت بازار کی لونڈی بن چکی ہے۔ سیاست میں لفنگا پن ہی رہ گیا ہے۔ (اکبر بگٹی)
آج کل کی سیاست کا حال مت پوچھو! گھری ہوئی ہے طوائف تماش بینوں میں
بے نظیر نے رمزی کی گرفتاری کے لئے قانون کی دھجیاں اڑا دیں۔ امریکی کمانڈرز نے خود چھاپہ مارا۔ (ایک خبر)
لگتا ہے پاکستان امریکہ کا ۵۳ واں صوبہ اور بے نظیر اسکی ملکہ ہیں۔
ایک دن بلاول، بختاور اور آصفہ کو بھی گھی لینے کے لئے لائن میں کھڑا ہونا پڑے گا۔ (تہمینہ دولتانہ)
جب بجلی کڑکڑ، کڑکے گی، ہم دیکھیں گے۔
حکومت کو کوئی خطرہ نہیں۔ (جے سالک)
مزید موٹی ہو رہی ہے۔
کسٹم والوں کی زمہ گری ۶۵ ہزار لے کر ۲۷ ہزار کی رسید دے دی۔ (چوہدری زمان)
ہر محکمے میں یہی کچھ ہو رہا ہے۔
بے نظیر مقام رسالت ﷺ سے باخبر ہیں۔ انہوں نے توہین عدالت کی ہے۔ (فضل الرحمن)

آپ کو غلطی لگی ہے سجدۂ سہو اداء کریں۔
مشکل حالات پر قابو پالیا گیا ہے۔ (بے نظیر)
اپوزیشن کو کچلنے کے انتظامات کر لئے گئے۔
کراچی کے ہنگاموں میں بھارت پوری طرح ملوث نہیں۔ (نصیر اللہ بابر)
صفائی پیش کرنے کا مقصد؟
عیسائیوں کو سزا ہمارا اندرونی معاملہ ہے کوئی دوسرا ملک مداخلت نہ کرے! (جے سالک)
پاسباں مل گئے کعبے کو صنم خانے سے
ملک میں جمہوریت نہیں۔ میاں بیوی کی حکومت ہے۔ (غوث علی شاہ)
غریب کے نام پر غریب کا خون چوسنے والے ناگ اور ناگن!
تھانوں پر نئے قومی پرچم لہرانے کا حکم (ایک خبر)
رشوت لینے والا اور دینے والا دونوں جہنمی ہیں۔ یہ بورڈ بھی نئے لگوائے جائیں۔!
وزیر اعظم ہاؤس میں چار کتے۔ ایک بلی۔ لڑاکا مرغ۔ اونٹنیاں۔ چار بھینسیں۔ پرندے اور کئی گھوڑے ہیں۔
کتے صبح شام شہد ملا دودھ پیتے ہیں۔ (ایک خبر)
آج کل وزیر اعظم ہاوس اور پاکستان انہی کے سپرد ہیں۔
ضرورت پڑی تو فضل الرحمن بھی امور خارجہ کی چئیرمین شپ سے استعفیٰ دے دیں گے۔ (اجمل قادری)
قادری صاحب! آپ کا کشف؟ فضل الرحمن تو جمیعت علماء کے تاحیات امیر بن گئے ہیں۔
بھٹو کا سپاہی اور جیالا ہونے پر فخر ہے۔ (این ڈی خان)
اللہ تیرا حشر بھی ویسا کرے!
کراچی میں رینجرز کے علاوہ ۲۲ ہزار پولیس اہل کار تعینات ہیں۔ (ایک خبر
صرف بے گناہ عوام کو قتل کرانے کے لئے!

- مائیک ٹائی سن جیل میں مسلمان ہو گیا رہائی کے بعد پہلے عصر کی نماز اداء کی، اسلامی نام عبدالعزیز رکھا گیا۔ (واشنگٹن ریڈیو رپورٹ)

عیسائیت کے داغدار بدنما چہرے پر زنائے دار تھپڑ
اسلام کی حقانیت کی زندہ دلیل

- جماعت اسلامی جموں و کشمیر کے دفتر پر چھاپہ ڈائریکٹر گرفتار فائلیں ضبط۔

مقبوضہ کشمیر کی آزادی کے لئے بے نظیر زرداری کا جمہوری اقدام بغل میں مارشل لاء، منہ میں جمہوریت۔

- حزب اللہ تنظیم کے اکلوتے مجاہد میجر رشید وڑائچ گرفتار انہوں نے اور لوگوں نے مرزائی باپ کے فرزند کمر

بند منظور و ٹو کو لوٹا لوٹا کے قومی نام سے یاد کیا نعرے لگائے۔

مستقبل میں بیت الخلاؤں میں لوٹے کی جگہ صراحی رکھنی پڑے گی تاکہ اسکی قلقل سے وزارت علیا وہاں بھی ڈسٹرب نہ ہو اور کوئی قانون نافذ کرنے والا ادارہ بھی دست اندازی نہ کر سکے!

× ہڑتال کے باعث کراچی بندرگاہ کو دس ارب روپے کا نقصان۔

× حکومت کو ڈیڑھ ارب، تاجروں کو ایک ارب روپے کا نقصان۔

چھت ڈگدی اسے تے ڈگ جائے میں تو ناچوں گی۔

× فلور فیسٹیول منایا گیا حسن نثار نے اسے فول میلہ لکھا ہے۔

× سیٹھ عابد نے جشن بہاراں منایا، سید عطاء المحسن نے لکھا ہے کہ سیٹھ فاسد نے سرمائے کا جشن ڈکاراں منایا ہے سرمائے کا ڈکار ایسا ہی بد بودار ہوتا ہے جو پورے ماحول میں تعفن، سڑاند اور بوئے بد پھیلاتا ہے اور یہ بوئے بد خوئے بد کی سگی جڑواں نابکار و ناہموار بہن ہے!

× سپیکر گیلانی کا ماموں زاد بھائی تخریب کاری کے الزام میں گرفتار (ایک خبر)

ان کے ماموں بھی پکڑے جاتے تو تعجب نہ تھا۔

× شراب پی کر لیڈی کانسٹیبل سے زیادتی کی کوشش۔ تھانیدار سمیت ۳ پولیس اہل کار معطل۔ ملزموں میں علاقہ مجسٹریٹ بھی شامل ہے۔ (ایک خبر)

عورت کی حکومت میں عورت سے زیادتی۔

× ڈکیتی میں چھینی ہوئی موٹر سائیکل پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل کے گھر سے برآمد۔ (ایک خبر)

"انصاف، مظلوم کی دہلیز پر!"

× برے آدمی سے عورت کی سربراہی بہتر ہے۔ (مولانا فضل الرحمن)

× امریکہ کو پاکستان میں بے دینی کا جھنڈا نہیں لہرانے دیں گے۔ (نورانی)

آپ آنکھیں کھول لیں، جھنڈا وہ لہرا چکا ہے۔

× مقبوضہ کشمیر کی آزادی کے لئے بے نظیر کا انقلابی اقدام۔ (ایک خبر)

بغل میں امام ضامن، منہ میں رام رام

× کراچی خون میں ڈبکیاں لے رہا ہے۔ (ایک خبر)

اور حکومت ایڈونچر لینڈ میں محو استراحت ہے۔

× پاکستان اپنی شہ رگ کی آزادی کے لئے لڑنے والوں کی ہر طرح مدد کرے۔ (نصر اللہ خان کا ریلی سے خطاب)

پی پی کی یہ ریلی...... نصر اللہ تیرا اللہ بیلی

× افتخار عارف کو اکادمی ادبیات کا تاحیات رکن بنا دیا گیا۔ (ایک خبر) بقیہ صـ۴۷ پر